سوال

(10)ایک حدیث میں 'ہ' ضمیر کے مرجع

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

"اِن اللہ خلق آدم علی صورتہ" اس میں "ہ" ضمیر کا مرجع کیا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میرے علم کے مطابق اس حدیث میں تاویل کی گنجائش نہیں ہے۔ کیونکہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ حدیث اپنی صحیح میں مکمل روایت کی ہے کہ جس وجہ سے اس میں تاویل کی ضرورت نہیں ہے۔ حدیث اس طرح ہے:

((عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: خَلَقَ اللَّهُ آدَمَ عَلَى صُورَتِهِ طُولُهُ))

''بے شک آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے آدم کی انہی صورت پر پیدا کیا کہ ان کا قد ساٹھ ہاتھ ہے۔''

صُورَتِهِ" اس لفظ میں جو ضمیر ہے یہ اللہ کے بجائے آدم ہی کی طرف لوٹ رہی ہے۔

یہی حدیث بعض سنن کی کتب میں یوں مروی ہے:

"اِن اللہ خلق آدم علی صورة الرحمن"

''کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم کو رحمٰن کی شکل وصورت میں پیدا کیا''

تو یہ حدیث ان الفاظ کے ساتھ ضعیف ہے۔ کیونکہ حبیب بن ابی ثابت کی روایت سے مروی ہے۔ یہ راوی مدلس ہے اور اس سے تمام طرق میں عنعن سے روایت کیا ہے۔ ہمارے علم کے مطابق اسی پر ساری حدیث کا دارومدار ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ البانیہ

توحید اسماء وصفات کے مسائل صفحہ: 84

محدث فتویٰ